**19.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........بتیکا تیاگی

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں جاری انڈیا AI امپیکٹ سمٹ میں مصنوعی ذہانت کو عالمی سطح پر مشترکہ بھلائی کیلئے اجتماعی عزم کے ساتھ فروغ دینے کی اپیل کی ہے۔

☆ وزیر اعظم نے AI سمٹ کے موقع پر ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں باہمی تعاون کو فروغ دینے کیلئے عالمی رہنماؤں کے ساتھ کئی دو طرفہ میٹنگیں کیں۔

☆ فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں نے کہا ہے کہ فرانس اور بھارت رافیل طیاروں کے سلسلے میں 'میک اِن انڈیا' کو مرکز میں رکھتے ہوئے باہمی تعاون کو وسعت دیں گے۔

☆ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آندھرا پردیش کے وشاکھاپٹنم میں مشق MILAN-2026 کے تیرہویں ایڈیشن کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایڈیشن بھارت کو ایک قابل اعتماد اور ذمہ دار بحری شراکت دار کے طور پر ظاہر کرتا ہے۔

☆ DRDO نے گگن یان پروگرام کیلئے Drogue پیرا شوٹ کا کوالیفائیکیشن سطح کا لوڈ ٹیسٹ کامیابی کے ساتھ انجام دیا۔

☆ مردوں کے ICC ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں گروپ-D کے مقابلے میں افغانستان نے کناڈا کے سامنے جیت کیلئے 201رن کا نشانہ رکھا ہے۔ دیگر مقابلوں میں زمبابوے نے سری لنکا کو 6وکٹ سے ہرایا، جبکہ ویسٹ انڈیز نے اٹلی کو 42رن سے شکست دی۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Rev PM AI Impact Summit**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے AI کو عالمی سطح پر مشترکہ بھلائی کیلئے اجتماعی عزم کے ساتھ فروغ دینے کی اپیل کی۔ نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں متعدد عالمی رہنماؤں کی موجودگی میں انڈیا AI امپیکٹ سمٹ 2026 کا افتتاح کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت، مصنوعی ذہانت میں مواقع اور مستقبل کا نقشہ دیکھ رہا ہے۔ انہوں نے AI کو جمہوری بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اِسے خاص طور پر عالمی خطۂ جنوب کیلئے سبھی کی شمولیت اور

بااختیاری کا ذریعہ بنایا جانا چاہیے۔ جناب مودی نے کہا کہ دنیا ایک ایسے دور میں داخل ہو رہی ہے جہاں انسان اور ذہین نظام مل کر تخلیق کریں گے، ساتھ کام کریں گے اور مشترکہ طور پر ترقی کریں گے۔

**S/B: PM on Tech Pool**

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں نے کہا کہ بھارت نے ایسی چیز تیار کی ہے جو دنیا کے کسی اور ملک نے نہیں کی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...

**VC Aman Yadav**

انڈیا **AI** امپیکٹ سمٹ کے چوتھے دن کا آغاز وزیرِ اعظم نریندر مودی کی جانب سے عالمی رہنماؤں اور دنیا بھر سے آنے والے ٹیکنالوجی لیڈروں کے استقبال سے ہوا۔ رہنماؤں نے ایک یادگاری فیملی فوٹو بھی بنوائی، جو مصنوعی ذہانت کے مستقبل کی تشکیل کے عزم کی علامت تھی۔ وزیرِ اعظم نے آج باضابطہ طور پر **AI** امپیکٹ سمٹ کا افتتاح کیا، جسے بھارت کے **AI** کے سفر میں ایک تاریخی لمحہ قرار دیا جا رہا ہے۔

سمٹ میں **500** سے زیادہ **AI** لیڈرز، **100** سے زیادہ بانی اور ماہرین، چیف ایگزیکٹو افسران، **150** ماہرینِ تعلیم اور محققین، نیز تقریباً **400** اعلیٰ تکنیکی افسران، نائب صدور اور مخیّر حضرات شریک ہوئے، جس سے عالمی سطح پر اِس سلسلے میں غیر معمولی دلچسپی کا اظہار ہوتا ہے۔

حکومت نے کہا ہے کہ انڈیا **AI** امپیکٹ ایکسپو نمائش کاروں، اختراع کاروں اور یہاں آنے والے افراد میں زبردست جوش و خروش کے باعث ہفتے کے روز رات **8** بجے تک کھلی رہے گی۔

امن یادو کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد عمران

## PM Bilateral Meetings

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں جاری انڈیا **AI** امپیکٹ سمٹ **2026** کے موقع پر عالمی رہنماؤں کے ساتھ کئی دو طرفہ میٹنگیں کیں۔ جناب مودی نے ابوظہبی کے ولیعہد شیخ خالد بن محمد بن زائد النہیان کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ تعاون پر تبادلۂ خیال کیا اور مختلف شعبوں میں ہونے والی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔

وزیر اعظم مودی نے سمٹ کے موقع پر نیدر لینڈس کے وزیر اعظم **Dick Schoof** کے ساتھ بھی باہمی میٹنگ کی۔ دونوں رہنماؤں نے اقتصادی اور سماجی تبدیلی کیلئے **AI** کو ایک مؤثر ذریعہ بنانے پر تبادلۂ خیال کیا۔ جناب مودی نے سوئٹزر لینڈ کے صدر **Guy Parmelin** سے بھی ملاقات کی اور اقتصادی شعبے میں تعاون کو مضبوط بنانے پر بات چیت کی۔

وزیر اعظم نے یونان کے اپنے ہم منصب **Kyriakos Mitsotakis** کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت–یونان اسٹریٹیجک شراکت داری کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا، خاص طور پر تجارت و صنعت، دفاع و سلامتی اور **AI** سمیت ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں باہمی تعاون پر تبادلۂ خیال کیا۔ **x**

## CEOs AI Impact Summit

بڑی ٹیکنالوجی کمپنیوں کے CEOs نے بھی نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں انڈیا AI امپیکٹ سمٹ 2026 کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔ اپنے خطاب میں ٹاٹا سنز کے چیئرمین این چندر شیکھرن نے AI کو آئندہ کے بنیادی ڈھانچے کی بنیاد قرار دیا۔ Anthropic کے CEO Dario Amodei نے 2023میں Bletchley Park میں منعقدہ پہلی عالمی AI سیفٹی سمٹ کے بعد سے AI کی ترقی کی رفتار کو اجاگر کیا۔

الفابیٹ کے CEO سندر پچائی نے اپنے خطاب میں AI کو زندگی میں سب سے بڑی تبدیلی لانے والا پلیٹ فارم قرار دیتے ہوئے سائنسی تحقیق کو تیز کرنے کی اس کی صلاحیت پر زور دیا۔x

## Must Announcement

آکاشوانی، آج رات انڈیا AI سمٹ 2026سے متعلق خصوصی پروگرام کو دوبارہ نشر کرے گا۔ یہ پروگرام، آکاشوانی گولڈ اور دیگر فریکوئنسیز پر رات ساڑھے 10بجے سے 10بج کر 40منٹ تک سنا جاسکتا ہے۔ یہ پروگرام، آج شام 6بج کر 10منٹ سے 6بج کر 20منٹ تک نشر کیا گیا تھا۔x

## Macron Rafale

فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں نے آج کہا کہ فرانس اور بھارت رافیل طیاروں پر تعاون کو مزید وسعت دینے کے خواہاں ہیں۔ نئی دلّی میں انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کے موقع پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے صدر میخوں نے کہا کہ چند دن پہلے بھارت نے 114نئے رافیل طیاروں کی خریداری اور ان کی مشترکہ تیاری کی خواہش ظاہر کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس نئے آرڈر میں ''میک اِن انڈیا'' مرکزی حیثیت کا حامل ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت اور فرانس کے درمیان ایک خصوصی عالمی اسٹریٹجک شراکت داری موجود ہے جو دونوں ممالک کے لیے منفرد ہے۔ x

## India France COE

حکومت نے کانپور میں واقع ہنرمندی کی تربیت کے قومی ادارے میں ہوائی جہاز سازی اور دفاع میں ہنرمندی سے متعلق اعلیٰ معیار کے قومی مرکز کے قیام کا اعلان کیا ہے۔مذکورہ مرکز، پردھان منتری ہنرمندی اور روزگار حاصل کرنے کی صلاحیت میں جدید ترین ITIS کے ذریعے تبدیلی (PM-SETU) اسکیم کے تحت فرانس کی سرکار کے اشتراک سے قائم کیا جائے گا۔وزیر اعظم نے یہ اعلان، بھارت–فرانس اختراعی سال کے افتتاح کے دوران، فرانس کے صدر کے ساتھ مشترکہ پریس بیان کے دوران کیا۔×

## Rajnath Milan Exercise

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آندھراپردیش کے وشاکھاپٹنم میں مشق MILAN-2026 کے 13ویں ایڈیشن کا

افتتاح کیا، اس طرح اہم کثیر ملکی بحری مشق کا آغاز ہوا۔ اس موقع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب راجناتھ سنگھ نے کہا کہ یہ ایڈیشن عالمی بحری برادری کے بھارت پر ایک قابل اعتماد اور ذمے دار سمندری شراکت دار کے طور پر بھروسے کی عکاسی کرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس سال 74 ممالک کی شرکت کے ساتھ MILAN-2026، اب تک کاسب سے بڑااورجامع ایڈیشن ہے۔یہ مشق بحری کمان کے تحت وشاکھاپٹنم کےمقام پر منعقد کی جارہی ہے۔

## DRDO DROGUE Parachute

دفاعی تحقیق وترقی کے ادارے DRDO نے چنڈی گڑھ میں گگن یان پروگرام کیلئے Drogue پیراشوٹ کا کوالیفکیشن سطح کا لوڈ ٹیسٹ کامیابی کے ساتھ انجام دیا۔ وزارت دفاع کے مطابق یہ اہم آزمائش پرواز کے دوران زیادہ سے زیادہ بوجھ اٹھانے کے پیراشوٹ کے اضافی ڈیزائن کو ظاہر کرتی ہے۔ یہ تجربہ کَل خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اِسرو، ایریَل ڈلیوری ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اسٹیبلشمنٹ اورDRDO کی مختلف خصوصی ٹیموں کے ساتھ ملکر کیا گیا۔ وزیردفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ یہ تجربہ آتم نربھر بھارت کے وژن کو آگے بڑھانے کی سمت ایک بڑا قدم ہے۔

## Shah Asam Visit

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آسام کے تین روزہ دورے پر آج رات سِلچر پہنچیں گے۔ کَل وہ بھارت– بنگلہ دیش سرحد پر BSF کے Natunpur میں واقع سرحدی چوکی کا دورہ کریں گے اور صورتحال کا جائزہ لیں گے۔ وہ Natunpur میں درخشاں گاؤں پروگرام کا بھی آغاز کریں گے۔ جناب امت شاہ براک وادی میں BJP کی ریلی سے خطاب کریں گے اور پارٹی کی انتخابی مہم کا آغاز کریں گے۔ ہفتے کو وہ گواہاٹی میں CRPF کی سالانہ پریڈ میں شرکت کریں گے اور گواہاٹی کے نزدیک، سوناپور میں Kasutoli کے مقام پر آسام پولیس کی دسویں بٹالین کے نئے کیمپس کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔x

## EC SIR

انتخابی کمیشن نے 22ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف الیکٹورل افسران کو آئندہ ہونے والی خصوصی جامع نظرثانی SIR کے سلسلے میں ووٹر فہرستوں کی تیاری کا کام مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔کمیشن نے کہا ہے کہ اس خصوصی نظرثانی کا آغاز اپریل سے متوقع ہے۔کمیشن کے مطابق اس وقت 12ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں SIR کا عمل جاری ہے۔ x

## Delhi Government Atal Canteens

دلّی کے لیفٹینینٹ گورنر ونئے کمار سکسینہ اور وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے آج قومی راجدھانی میں 25 نئے اَٹل کینٹین کا افتتاح کیا۔ اب دلّی کے مختلف علاقوں میں 71 کینٹین کام کاج کر رہے ہیں، جہاں لوگوں کو مناسب قیمتوں پر صاف ستھرا اور غذائیت سے بھرپور کھانا فراہم کیا جارہا ہے۔

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اگلے دو سے تین دن کے دوران کیرالہ اور ماہے کے بعض علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے کے مطابق ملک کے شمال مغربی اور وسطی علاقوں میں اگلے تین دن کے دوران زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں 3 سے 4 ڈگری سیلسیس تک بتدریج اضافے کا امکان ہے۔ IMD نے مزید کہا کہ خلیج Mannar اور Comorin کے علاقوں، نیز سری لنکا کے مغربی ساحل اور جنوب مشرقی خلیج بنگال کے بعض علاقوں میں کل تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔x

## UK Prince Arrested

برطانیہ کی پولیس نے آج عوامی عہدے میں بدعنوانی کے شبہ میں King Charles کے بھائی Andrew Mountbatten- Windsor کو گرفتار کیا ہے۔ برطانوی میڈیا نے خبر دی کہ پولیس نے Andrew کو متوفی امریکی جنسی جرائم کو مجرم Jeffrey Epstein کے ساتھ ان کے مبینہ روابط کے تناظر میں گرفتار کیا۔ گزشتہ اکتوبر میں ان کے باقی ماندہ شاہی خطابوں کو King Charles نے ختم کر دیا تھا۔×

## India New Zealand JWG Meeting

بھارت اور نیوزی لینڈ نے باغبانی کے شعبے میں تعاون کے لیے مشترکہ ورکنگ گروپ JWG کی پہلی میٹنگ منعقد کی۔ یہ میٹنگ، دونوں ممالک کے درمیان گزشتہ سال مارچ میں دستخط کیے گئے مفاہمت نامے کے تحت ایک اہم پیش رفت ہے۔ میٹنگ کا اختتام، مقررہ میعاد کو حتمی شکل دینے اور ایکشن پلان کے نفاذ کے روڈ میپ کی تیاری کے ساتھ ہوا۔x

## Women Cricket

خواتین کے کرکٹ میں، آج شام Canberra میں کھیلے گئے دوسرے T20 بین الاقوامی مقابلے میں، میزبان آسٹریلیا نے بھارت کو 19 رن سے شکست دی۔ آسٹریلیا کی جانب سے دیے گئے 164 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے، بھارتی بلے باز مقررہ 20 اوورز میں 9 وکٹ کے نقصان پر صرف 144 رن ہی بنا سکیں۔×

## Mens Cricket T20

مردوں کے آئی سی سی، ٹی–ٹوینٹی عالمی کپ کے گروپ بی کے ایک میچ میں زمبابوے نے میزبان سری لنکا کو 6 وکٹ سے شکست دی۔ کولمبو کے آر پریم داسا اسٹیڈیم میں کھیلے گئے اس میچ میں زمبابوے نے 179 رن کے ہدف کے جواب میں 19 اوورز اور 3 گیندوں میں 182 رن بنا کر میچ اپنے نام کرلیا۔

چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں گروپ ڈی کے ایک دیگر میچ میں افغانستان نے کناڈا کے سامنے جیت کیلئے 201 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے افغانستان نے 20 اوورز میں چار وکٹ پر 200

رن بنائے۔جواب میں اب سے کچھ دیر پہلے تک کناڈا نے 6اوورز میں 3وکٹ پر 31رن بنالئے تھے۔

اس سے قبل کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں کھیلے گئے گروپ سی کے اپنے آخری لیگ میچ میں ویسٹ انڈیز نے اٹلی کو 40رن سے شکست دی۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ویسٹ انڈیز نے 20اوورز میں 6وکٹ پر 165رن بنائے۔ جواب میں اٹلی کی ٹیم 18اوورز میں اپنے تمام وکٹ گنواکر 123رن ہی بنا سکی۔

اس طرح سپر 8 کا مرحلہ مکمل ہوگیا ہے۔ بھارت، جنوبی افریقہ، ویسٹ انڈیز اور زمبابوے نے گروپ 1 میں، انگلینڈ، نیوزی لینڈ، پاکستان اور سری لنکا گروپ 2میں جگہ بنالی ہے۔ یہ آٹھ ٹیمیں سیمی فائنل میں جگہ بنانے کیلئے ہفتے کے روز سے ایک دوسرے کے مدمقابل ہوں گی۔ دونوں گروپ سے سرفہرست دو—دو ٹیمیں سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کریں گی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆